© rasailojaraid.com



ہماری سوچی سمجھی رائے ہے کہ بھارتی حکمران ہٹ دھرم ہیں۔ وہ مسئلہ کشمیر پر پاکستانی مؤقف کوتسلیم نہیں کریں گے۔ضرورت اس امرکی ہے کہ بھارت اور پاکستان میں بقائے باہمی کی بنیاد پرتمام معاملات طے ہونے چاہئیں۔تجارت ومعیشت کوتحفظ اورفروغ ملنا چاہئے مگر ثقافت کا تبادلہ نہیں ہونا چاہئے۔

جنرل صاحب کے دورۂ بھارت کا سیاہ ترین پہلو یہ ہے کہ ذوالفقارعلی بھٹو کے بعد پہلی مرتبہ کسی پاکستانی حکمران کی بیوی نے دوسرے ملک کے حکمران کے لیے''جام صحت'' تجویز کیا۔ بھارتی صدراور وزیراعظم دونوں کے ساتھ بیگم صہبا مشرف نے جام ٹکرائے، انٹرنیٹ اوراخبارات پر لاکھوں عوام نے اس بے ہودہ کافرانہ ثقافتی رسم کا مظاہرہ کیا۔ یہ کھلی دعوت گناہ ہے۔ نصرت بھٹو نے امریکی صدرفورڈ کے لیے جام صحت تجویز کیا تھا اوران کے ساتھ رقص بھی کیا،نتیجہ سب کے سامنے ہے۔اس تازہ''صہبائی خیرسگالی'' کا کچھ نتیجہ تو سامنے آچکا اور باقی جلد ظاہر ہو جائے گا۔

## مولانا محمد اعظم طارق کو رہا کیا جائے

سپاہ صحابہ پاکستان کے صدر مولانا محمد اعظم طارق گزشتہ کئی ماہ سے نظر بند ہیں۔ ہائی کورٹ نے ان کی رہائی کا حکم بھی دیا مگر حکومت ہے کہ انہیں قید رکھنے پر ہی مصر ہے۔ ایک مقدمہ میں ضمانت ہوتی ہے تو دوسرے مقدمہ میں گرفتاری ڈال کر واپس جیل بھیج دیا جاتا ہے۔مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مولانا محمد اعظم طارق کو قیام امن کے لئے رہا کردیا جائے وہ ایک بہادر اور امن پسند دینی رہنما ہیں ان کی رہائی سے پاکستان میں یقیناً امن و آشتی کی فضا پیدا ہوگی حکومت ناجائز مقدمات ختم کر کے مولانا کو فی الفور رہا کرے۔

## محمد مروان کی ولادت

مجدد احرار جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری کی برپا کردہ تحریک تجدید اسماء صحابہؓ سے متاثر ہوکر پاکستان کے ہزاروں مسلمانوں نے اپنے بچوں اور بچیوں کے نام صحابہ کرامؓ کے ناموں پر رکھے ہیں حضرت کی برپا کردہ تحریک جاری ہے اوراس کا ثواب ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

یکم ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ/۲۲، جون ۲۰۰۱ء کو احمد پور شرقیہ میں ہمارے مخلص رفیق فکر حافظ عبدالمجید صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام مروان رکھا گیا ہے اس سے قبل انہوں نے اپنے تین بیٹوں کے نام محمد معاویہ، محمد مغیرہ اور محمد حنظلہ رکھے ہیں۔

اراکین ادارہ محترم حافظ صاحب کو مبارک باد پیش کرتے ہیں اور بیٹوں کیلئے عمر میں برکت وعلم نافع کی دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صحابہ کرامؓ کے نقش قدم پر چلائے، دین اسلام کی خدمت کیلئے قبول فرمائے اور اسلام کا سچا سپاہی بنا کر والدین کی مغفرت کا ذریعہ بنائے آمین۔ (ادارہ)

## دعاء صحت

ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم ابوسفیان محمد اشرف نائب (حاصل پور) گزشتہ دنوں ایک حادثہ میں شدید زخمی ہوگئے۔

اراکین ادارہ ان کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ انہیں جلد شفاء کاملہ عطا فرمائے (آمین) قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com